© rasailojaraid.com

آخر مَینوں پہ گیا کہناں
قوم میری نوں لگدا گہناں

دیس مرے دیاں ٹھیکیداراں
لا کے ویچیاں وچ بازاراں

لیناں دے وچ دھیاں بہناں
آکھن گھیو تے آٹا لیناں

اَگے مُنڈے پِچھّے مُنڈے
نِت تماشا ویکھن غُنڈے

ربّا! ساڈیاں سن فریاداں
نبی دا صدقہ کر امداداں

غم دی نھیری جُھلّی ہوئی اے
اُمت رستیوں بُھلی ہوئی اے

عمرؓ جیہا کوئی چھیتی آوے
بُھلی امت نوں راہ پاوے

عمرؓ جیہا کوئی چھیتی گلّو
تقدیراں دے ورقے تھلّو

وِکے نہ اصغر خون اساڈا
بنے قرآن قانون اساڈا

☆......☆......☆

گوہرملسیانی

# غزل

زخموں سے چُور چُور ہیں قلب و جگر ابھی
اجڑا ہوا ہے غیر کے ہاتھوں نگر ابھی

ظلم و ستم کی پھیلی ہے چاروں طرف گھٹا
اور ناچتے ہیں صحنِ چمن میں شرر ابھی

کسی کی نظر نے لُوٹ لی انسانیّت کی آب
ویراں ہے بزمِ شوق بھی، شام وسَحر ابھی

افسردہ چہرے دھوپ میں جلتے دکھائی دیں
ڈوبی ہے رنج وخوف میں ہراک نظر ابھی

جلنے لگے ہیں پاؤں بھی، اٹھتے نہیں قدم
منزل ہے دور، سخت ہے باقی سفر ابھی

قسمت میں کب دیار کی خوشبو ہے دوستو!
بکھرے ہوئے ہیں چارسُو غم کے کھنڈر ابھی

گھیرا ہے زر خرید اندھیروں نے رات دن
گوہؔر نہیں نصیب میں اپنے سَحر ابھی


© rasailojaraid.com